قادیانی کے ریٹائر ہونے پر اسے پارٹی دینے کا حکم

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3116

تاریخ اجراء: 21 ربیع الاول 1446ھ/25 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے ساتھ ایک قادیانی ملازم ہے۔ 32 سال اس نے ہمارے ساتھ نوکری کی۔ اب وہ ریٹائر ہونے جارہا ہے، اس کو پارٹی دینی چاہیے یا نہیں؟ کیونکہ ہمارے پاس سے جب بھی کوئی ریٹائر ہو کر جاتا ہے، اس کو پارٹی دی جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

قادیانی شخص کو پارٹی دینا حرام ہے کہ وہ کافر و مرتد ہے۔ یہ اس غلیظ مذہب سے تعلق رکھتا ہے کہ جس میں مرزا غلام احمد کذاب مرتد کو نبی مانتے اور اس طرح کے کئی کفریات رکھتے ہیں۔ جب کہ مرتدوں کے ساتھ میل جول رکھنا، ان کے ساتھ کھانا پینا، ان کی غمی خوشی میں شریک ہونا، غرض کسی طرح کا بھی تعلق رکھنا سب ناجائز و حرام ہے۔

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: ”قادیانی مرتد ہیں، اُن کے ہاتھ نہ کچھ بیچا جائے، نہ اُن سے خریدا جائے، اُن سے بات ہی کرنے کی اجازت نہیں۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "ایّاکم وایّاھم" اُن سے دُور بھاگو اور انہیں اپنے سے دور رکھو۔ (فتاوی رضویہ، ج 23، ص 598، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

فتاوی مصطفویہ میں ہے: ”اس (قادیانی) سے سلام، کلام، ربط، ضبط اس کے ساتھ کھانا، پینا، راہ رسم رکھنا سب حرام ہے، قال اللہ تعالیٰ: ﴿وَ اِمَّا یُنۡسِیَنَّكَ الشَّیۡطٰنُ فَلَا تَقۡعُدۡ بَعۡدَ الذِّكۡرٰی مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ﴾۔“ (فتاوی مصطفویہ، کتاب الصلاۃ، صفحہ 209، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور)

نوٹ: اس حوالے سے دار الافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج پر ایک سے زائد تفصیلی فتاوی موجود ہیں۔ تفصیل کے لیے ان کا مطالعہ فرمائیں۔ لنک یہ ہیں:

(1)https://www.fatwaqa.com/ur/fatawa/kafir-aur-murtad/mirza-qadiyani-kon-hai

(2)https://www.fatwaqa.com/ur/fatawa/kafir-aur-murtad/qadianiyo-ke-sath-mil-kar-karobar-karna-kaisa?

(3)https://www.fatwaqa.com/ur/fatawa/kafir-aur-murtad/qadiani-ke-sath-uthna-baithna-khushi-ghami-mein-shamil-hona-aur-taluqat-rakhne-ka-kya-hukum-hai?

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net